ONE NATION
ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پانچواں ون ڈے: پاکستان شاہینز کی زمبابوے سلیکٹ کے خلاف 177 رنز سے جیت، عمیر بن یوسف کے 89 رنز ناٹ آؤٹ۔

ہرارے، 25 مئی 2023:

پاکستان شاہینز نے زمبابوے سلیکٹ کے خلاف پانچواں ون ڈے 177 رنز سے جیت لیا۔

پاکستان شاہینز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں پر 314 رنز بنائے جو اس سیریز میں کسی بھی ٹیم کا سب سے بڑا اسکور بھی ہے۔

زمبابوے سلیکٹ کی ٹیم 31 اعشاریہ 4 اوورز میں 137 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

چھ میچوں کی سیریز میں یہ پاکستان شاہینز کی دوسری کامیابی ہے۔ زمبابوے سلیکٹ نے تین میچ جیت رکھے ہیں۔ چھٹا اور آخری میچ ہفتے کے روز کھیلا جائے گا۔

پاکستان شاہینز میں عمران بٹ، مہران ممتاز اور روحیل نذیر کی محمد حریرہ، مبصر خان اور عبدالواحد بنگلزئی کی جگہ واپسی ہوئی تاہم قیادت کی ذمہ داری حسین طلعت نے نبھائی۔

زمبابوے کی ٹیم چھ تبدیلیوں کے ساتھ میدان میں اتری۔ سکندر رضا سیریز میں پہلی بار کھیلے۔ ویلنگٹن مازاکادزا کی جگہ قیادت شان ولیمز کو سونپی گئی۔ شان ولیمز نے ٹاس جیت کر پاکستان شاہینز کو بیٹنگ دی۔

عمران بٹ اور حسیب اللہ نے جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان شاہینز کو 139 رنز کا عمدہ آغاز فراہم کیا۔ حسیب اللہ 77 گیندوں پر 9 چوکوں کی مدد سے 62 رنز بنا کر سکندر رضا کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہو گئے۔

صرف ایک رن کے اضافے پر عمران بٹ کی وکٹ بھی گری جو 65 گیندوں پر 64 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں ایک چھکا اور 7 چوکے شامل تھے۔

آؤٹ ہونے والے تیسرے کھلاڑی روحیل نذیر تھے جو عمیر بن یوسف کے ساتھ 55 رنز کی شراکت قائم کر کے 16 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔

کامران غلام 12 اور حسین طلعت 7 رنز بنا پائے۔ قاسم اکرم نے سات گیندوں پر ایک چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 13 رنز اسکور کیے۔

عمیر بن یوسف نے اپنی عمدہ فارم برقرار رکھتے ہوئے نصف سنچری 52 گیندوں پر مکمل کی جس میں چار چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ وہ 87 گیندوں پر 7 چوکوں اور چھکے کی مدد سے 89 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

عمیر بن یوسف دورے کے دو فرسٹ کلاس میچوں اور تین ون ڈے میچوں میں ابتک مجموعی طور پر 619 رنز بنا چکے ہیں جن میں 2 سنچریاں اور 2 نصف سنچریاں شامل ہیں۔

عمیر بن یوسف اور عامر جمال کی ساتویں وکٹ کی شراکت میں 64 رنز بنے۔ عامر جمال نے 18 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 24 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے جس میں دو چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

پاکستان شاہینز کے بولرز کی عمدہ کارکردگی نے میزبان ٹیم کو کسی بھی موقع پر سنبھلنے نہیں دیا اس کی پہلی تین وکٹیں صرف 45 رنز پر گرگئی تھیں جس کے بعد سکندر رضا اور مارومانی کو مہران ممتاز نے ایک ہی اوور میں آؤٹ کردیا۔
وقفے وقفے سے گرنے والی وکٹیں میزبان ٹیم کو ہدف سے دور کرتی چلی گئیں۔

وکٹ کیپر کلائیو مداندے 41 رنز ناٹ آؤٹ کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔
قاسم اکرم نے آف اسپن بولنگ سے صرف 9 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ شاہنواز دھانی نے بھی تین وکٹیں 29 رنز دے کر حاصل کیں۔

مہران ممتاز نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

عامر جمال اور مہران ممتاز اس دورے میں ابتک مجموعی طور پر انیس انیس وکٹیں حاصل کرچکے ہیں جبکہ شاہنواز دھانی سولہ وکٹیں لے چکے ہیں۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز 314 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) عمیر بن یوسف 89 ناٹ آؤٹ۔ عمران بٹ 64۔ حسیب اللہ خان 62۔ زمبابوے سلیکٹ 137۔ آل آؤٹ۔ (31 اعشاریہ 4 اوورز)۔ کلائیو مداندے 41 ناٹ آؤٹ قاسم اکرم 9/3 وکٹ۔ شاہنواز دھانی 29/3 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department

P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial